SG&D-1-24

0924 (جماعت نہم) وارننگ : اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔ رول نمبر..................

اردو (لازمی) (معروضی) (سیشن 2020-22 to 2023-25) دستخط امیدوار ..................

وقت 20 منٹ (پہلا گروپ) **PAPER CODE 1021** سیکنڈری پارٹ (I) کل نمبر 15

نوٹ:- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کرکے اس کے مطابق دائرے پُر کریں ، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | طالب علم نے کس سے پوچھا کہ یہ پرچہ کس مضمون کا ہے؟ | سپرنٹنڈنٹ سے | کسی طالب علم سے | گارڈ صاحب سے | نگران صاحب سے |
| 2 | سبق آرام وسکون کے مصنف کون ہیں؟ | پریم چند | سید امتیاز علی تاج | مولوی نذیر احمد | میرزا ادیب |
| 3 | اکثر کون گھبرایا کرتا ہے؟ | مبتدی | چور | جھوٹا | نالائق |
| 4 | یہ مصرع اس زلف پہ پھبتی شب دیجور کی سوجھی کس شاعر کا ہے | انشاء کا | جُرأت کا | درد کا | میر کا |
| 5 | ایک صحبت میں مرزا غالب کس کی تعریف کر رہے تھے | ذوق کی | مومن کی | بہادر شاہ ظفر | میر تقی میر |
| 6 | قوم کی بہتری کی جاسکتی ہے | کاہلی چھوڑ کر | فکرمندی چھوڑ کر | خوش وخرم رہ کر | پریشان رہ کر |
| 7 | محمد حسین آزاد پیدا ہوئے | دلی | لکھنؤ | بنارس | آگرہ |
| 8 | شاخِ بریدہ سے کیا مراد ہے؟ | ٹیڑھی شاخ | الٹی شاخ | لٹکی شاخ | کٹی شاخ |
| 9 | سبحان تیری قدرت کون پکارتا ہے | بٹیر | شیر | تیتر | مور |
| 10 | مرزا غالب کو اُن سے وفا کی امید ہے جو نہیں جانتے | وفا کیا ہے | دعا کیا ہے | دغا کیا ہے | بھلا کیا ہے |
| 11 | ادب کی جمع ہے | ادبار | ادیب | آداب | آدابات |
| 12 | خلق کی جمع ہے | اخلاق | اخلقاء | اخلوق | خلقت |
| 13 | دھوبن کا مذکر بنائیں | دھوبی | دھوبائن | دھوبان | دھوبیا |
| 14 | تقدیم کا متضاد بنائیں | مقدم | اخیر | تاخیر | تاثیر |
| 15 | لفظ نادان کا متضاد بنائیں | احمق | بے وقوف | دانا | سودائی |

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

SGD-1-24

وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

0924 (جماعت نہم)

اردو (لازمی) (انشائیہ) (پہلا گروپ) سیکنڈری پارٹ I (سیشن 2020-22 to 2023-25)

وقت: 2.10 گھنٹے — حصہ ------------------ اول — کل نمبر 60

------(حصہ نظم)------ 10

2۔ مندرجہ ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کریں۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے)

(i) آفاق میں پھیلے گی کب تک نہ مہک تیری x گھر گھر لیے پھرتی ہے پیغام، صبا تیرا

(ii) یہاں ہے ظہور اور وہاں نور تیرا x مکاں میں بھی تُو، لامکاں میں بھی تُو ہے

(iii) کیا کیا رکھے ہے یا رب، سامان تیری قدرت x بدلے ہے رنگ کیا کیا ہر آن تیری قدرت

(iv) شاخِ بُریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تُو x نا آشنا ہے قاعدۂ روزگار سے

---(حصہ غزل)---

(v) ہستی اپنی حباب کی سی ہے x یہ نمائش سراب کی سی ہے

(vi) میں بھی مُنھ میں زبان رکھتا ہوں x کاش پُوچھو کہ مدعا کیا ہے

(vii) دن زندگی کے ختم ہوئے شام ہو گئی x پھیلا کے پاؤں سوئیں گے کُنجِ مزار میں

حصہ ------------------ دوم

10

3۔ درج ذیل پیراگراف کی تشریح کریں۔ تشریح سے پہلے سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی تحریر کیجیے۔

(الف) ایک دن دیوان فضل اللہ مرحوم چُوٹ میں سوار مرزا صاحب کے مکان کے پاس سے بغیر ملے نکل گئے۔ مرزا کو معلوم ہوا تو انھوں نے ایک رقعہ دیوان جی کو لکھا۔ مضمون یہ کہ آج مجھ کو اس قدر ندامت ہوئی ہے کہ شرم کے مارے زمین میں گڑا جاتا ہوں۔ اس سے زیادہ کیا نالائقی ہو سکتی ہے کہ آپ کبھی نہ کبھی تو اس طرف سے گزریں اور میں سلام کو حاضر نہ ہوں۔

(ب) آپ ابھی تک اِسے ایک مذاق سمجھ رہے ہیں حالانکہ میں بالکل نارمل ہوں۔ ابھی تک آپ تصویر کا ایک ہی رُخ دیکھ رہے ہیں اور اب اس کا دوسرا رُخ دیکھیے جو اتنا بھیانک اور اتنا خوفناک ہے کہ آپ کے تصورات کا شیش محل ابھی زمیں بوس ہو جائے گا۔

10

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جواب دیجیے۔

(i) حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کون تھیں؟ اور اسلام کی خاطر کون سی خاص خدمت سرانجام دیا کرتی تھیں؟

(ii) "دریں خانہ ہمہ آفتاب است" کا کیا مطلب ہے؟ یہ مصرع کس نے پڑھا؟

(iii) سلیم کا دل کھیل کی باتوں سے کیوں کھٹا ہو گیا؟

(iv) پنچ کے لیے پہلا نام جمن کا سنا تو الگو کی کیا کیفیت تھی؟

(v) روز مرہ کے اُلّو کو کیا کہتے ہیں اور وہ کون سا وظیفہ پڑھتا ہے؟

(vi) گلزار کے بھیگنے اور سبزے کے نہانے سے کیا مراد ہے؟

(vii) جیبِ گل کس چیز سے خالی ہے؟

(viii) شاعر نے اپنی کشتِ سخن کے بارے میں کیا کہا ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں۔ (i) شاعروں کے لطیفے (ii) قدر ایاز 05

6۔ نصاب میں شامل نظم "نعت" کا مرکزی خیال یا خلاصہ تحریر کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 05

7۔ نقل سکونت کی وجہ سے ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس / پرنسپل کے نام سرٹیفکیٹ کے حصول کی درخواست لکھیے۔ 10

------ یا ------

سکول میں امتحانی نتیجہ کی روداد پر مبنی اپنے والدِ گرامی کے نام خط لکھیے۔

8۔ "اتفاق میں برکت" کے عنوان پر کہانی لکھیے ----- یا ----- دو ہم جماعت طلبہ کے درمیان ہونے والی گفتگو ایک مکالمہ کی صورت میں تحریر کیجیے۔ 05

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 05

(i) عزیز نے پھول توڑا (ii) ہاتھوں کے طوطے چلانا (iii) اکرام نے بچہ کو اس کی ماں کو دے دیا

(iv) یاسمین نے کیلے کھایا (v) فوج نے حملہ کیے

------------ یا ------------

ضرب الامثال کی تکمیل کریں۔

(i) پاک رہو ______ (ii) بوڑھی گھوڑی ______ (iii) باسی کڑھی میں ______

(iv) چور کی داڑھی ______ (v) گڑ سے جو مرے ______

www.pakcity.org

SGD-2-24

09؛ (جماعت نہم) وارننگ : اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔ رول نمبر..........................

اردو (لازمی) (معروضی) (سیشن 2020-22 to 2023-25) دستخط امیدوار..........................

وقت 20 منٹ (گروپ دوسرا) PAPER CODE 1022 سیکنڈری پارٹ (I) کل نمبر 15

نوٹ:- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کر کے اس کے مطابق دائرے پُر کریں ، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | کون سی غار آج بھی بوسہ گاہِ خلائق ہے؟ | غارِ حرا | غارِ ثور | جبلِ نور | کوہِ طور |
| 2 | مرزا نے کہا: ''میں تو تم کو میری سمجھتا ہوں مگر اب معلوم ہوا کہ آپ سودائی ہیں''۔ سودائی کے لغوی معنی ہیں | دانش مند | عاقل | زیرک | پاگل |
| 3 | لفظ ''کاہلی'' کا اصطلاحی معنی کیا ہے؟ | محنت نہ کرنا | اکثر سوئے رہنا | دلی قویٰ کو بے کار چھوڑ دینا | خوش گپیاں لگانا |
| 4 | مشہورِ زمانہ ڈرامہ انارکلی کس نے لکھا؟ | سید امتیاز علی تاج نے | میرزا ادیب نے | منشی پریم چند نے | ڈپٹی نذیر احمد نے |
| 5 | باہمی کلام اور بات چیت کو کہتے ہیں: | خط | نثر | مکالمہ | محاورہ |
| 6 | ''بجنگ آمد'' کس کی تصنیف ہے؟ | شفیق الرحمان | منشی پریم چند | ڈپٹی نذیر احمد | کرنل محمد خان |
| 7 | اہلِ زبان کی عام بول چال کو۔۔۔۔۔۔۔کہا جاتا ہے؟ | روز مرہ | محاورہ | ضرب المثل | اکھان |
| 8 | مشبہ اور مشبہ بہ کی مشترک صفت کہلاتی ہے؟ | وجہ جامع | وجہ شبہ | حرف تشبیہ | غرض تشبیہ |
| 9 | ممکن نہیں ہری ہو۔۔۔۔۔۔۔بہار سے | برسات | خزاں | سحاب | گرما |
| 10 | کس کی شاعری کو شاعرانہ صناعی اور الفاظ کی نگینہ کاری کہتے ہیں؟ | خواجہ حیدر علی آتش | میر تقی میر | بہادر شاہ ظفر | مرزا غالب |
| 11 | لفظ ''حوائج'' کا واحد ہے: | حاج | حاجب | حاجز | حاجت |
| 12 | لفظ ''دائرہ'' کی جمع ہے: | دائر | دوائر | دوارے | دارائی |
| 13 | لفظ ''فرنگی'' کی مؤنث ہے: | فارنگی | فورنگی | فورنگن | فرنگن |
| 14 | لفظ ''گرہست'' کی مؤنث ہے | گرہستہ | گرہستان | گرہستن | گرہستی |
| 15 | لفظ ''نادان'' کا متضاد ہے: | احمق | بے وقوف | دانا | سودائی |

www.pakcity.org

SGD 2-24

وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

0924 (جماعت نہم)

اردو (لازمی) (انشائیہ) (گروپ دوسرا) سیکنڈری پارٹ I (سیشن 2020-22 to 2023-25)

وقت: 2.10 گھنٹے — کل نمبر 60

## حصہ ------------------ اول

--- (حصہ نظم) ---  10

2۔ مندرجہ ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کریں۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے)

(i) آفاق میں پھیلے گی کب تک نہ مہک تیری x گھر گھر لیے پھرتی ہے پیغام، صبا تیرا

(ii) صبا بے شک آتی مدینے سے تُو ہے x کہ تجھ میں مدینے کے پھولوں کی بُو ہے

(iii) سبزوں کی لہلہاہٹ، کچھ ابر کی سیاہی x اور چھا رہی گھٹائیں سرخ اور سفید کاہی

(iv) شاخِ بُریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تُو x نا آشنا ہے قاعدۂ روزگار سے

--- (حصہ غزل) ---

(v) ہستی اپنی حباب کی سی ہے x یہ نمائش سراب کی سی ہے

(vi) مزا غم کے کھانے کا جس کو پڑا x وہ اشکوں سے ہاتھ اپنا دھویا کیا

(vii) بُلبُل کو باغباں سے نہ صیّاد سے گلہ x قسمت میں قید لکھی تھی فصلِ بہار میں

## حصہ ------------------ دوم

10

3۔ درج ذیل پیراگراف کی تشریح کریں۔ تشریح سے پہلے سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی تحریر کیجئے۔

(الف) پنچو! آج تین سال ہوئے، میں نے اپنی سب جائیداد اپنے بھانجے جمن کے نام لکھ دی تھی، اُسے آپ لوگ جانتے ہوں گے۔ جمن نے مجھے تا حینِ حیات روٹی کپڑا دینے کا وعدہ کیا تھا۔ سال چھ مہینے تو میں نے اُن کے ساتھ کسی طرح رو دھو کر کاٹے مگر اب مجھ سے دن رات کا رونا نہیں سہا جاتا۔

(ب) طرفین کے بیانوں سے واضح تھا کہ تنازع بہت خفیف ہے اور یہ کہ دو طرفہ طوفان کا حدودِ اربعہ ایک چائے کی پیالی میں سما سکتا ہے۔

10

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جواب دیجیے۔

(i) ''پنچایت'' کے دو اہم کرداروں کے نام کیا ہیں؟

(ii) نصوح اور سلیم کی گفتگو میں کن کھیلوں کا ذکر ہوا ہے؟

(iii) سرسید کے اسلوب کی سب سے اہم خوبی کیا ہے؟

(iv) مہتاب باغ کا آم کن لوگوں کے لیے مخصوص تھا؟

(v) ابا جان کے بُلانے پر سلیم کی کیا حالت تھی؟

(vi) ''نا آشنا ہے قاعدۂ روزگار سے'' کی نثر بنائیے۔

(vii) علامہ اقبالؒ کی نظم میں کس موسم کا تین مرتبہ ذکر ہوا ہے؟

(viii) میر تقی میر کی غزل کے دو قافیے لکھیے۔

05 5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں۔ (i) نصوح اور سلیم کی گفتگو (ii) امتحان

05 6۔ نصاب میں شامل نظم ''نعت'' کا مرکزی خیال / خلاصہ تحریر کیجئے اور شاعر کا نام بھی لکھئے۔

10 7۔ اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس کے نام سرٹیفکیٹ کے حصول کے لیے درخواست لکھیے۔

------- یا ------- والدہ کے نام خط جس میں موسم گرما کی تعطیلات کا ذکر کیجئے۔

05 8۔ ''سچ کی برکت'' کے عنوان پر کہانی تحریر کیجئے ----- یا ----- ''استاد اور شاگرد کے درمیان تاریخ پاکستان'' کے موضوع پر ایک مکالمہ تحریر کیجئے۔

05 9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجئے۔

(i) جی نے چاہا تو ضرور آؤں گا۔ (ii) سعد، ادریس دونوں آ گیا۔ (iii) وہ ہمت کو ہار گئے۔

(iv) تین گلاس، چار پلیٹیں اور ایک کپ ٹوٹ گئے (v) حمزہ نے خط کو لکھا

------- یا -------

ضرب الامثال کی تکمیل کریں۔

(i) اُلٹے بانس ______ (ii) تخم تاثیر ______ (iii) چور کی داڑھی ______

(iv) یہاں کا باوا ______ (v) جس کی لاٹھی ______

912 - 0924 - 62000

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

0923 (جماعت نہم)　وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔　رول نمبر..............................

اردو (لازمی) (معروضی)　(سیشن 2019-21 to 2022-24)　SGD-1-23　دستخط امیدوار ..............................

وقت 20 منٹ　(پہلا گروپ)　**PAPER CODE 1025**　سیکنڈری پارٹ (I)　کل نمبر 15

نوٹ:- ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کر کے اس کے مطابق دائرے پُر کریں ، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ڈپٹی نذیر احمد دہلوی کے ناول کس انداز کے حامل ہیں؟ | سائنسی | اصلاحی | جاسوسی | رومانوی |
| 2 | ''مٹی کا دیا'' آپ بیتی ہے: | سید امتیاز علی تاج کی | داغ دہلوی کی | میرزا ادیب کی | جاوید اقبال کی |
| 3 | مولانا شبلی نعمانی کی کوشش سے ''ندوۃ العلما'' کا قیام کس شہر میں آیا: | دہلی میں | لکھنو میں | دکن میں | بنگال میں |
| 4 | لوگ اکثر مرزا غالبؔ کو خط لکھتے تھے: | محبت بھرے | دکھ بھرے | بیرنگ | طویل |
| 5 | ''پنچایت'' پریم چند کا ہے: | ناول | ڈرامہ | انشائیہ | افسانہ |
| 6 | بھینس کے ___ شکل صورت میں ننھیال اور ددھیال دونوں پر جاتے ہیں: | بچے | سِنگ | پاؤں | بال |
| 7 | لفظ ''دعویٰ'' کی جمع ہے: | دقائق | دعاوی | دواوین | دعوت |
| 8 | لفظ ''سنت'' کی جمع ہے: | سائن | صنائع | سناتن | سنن |
| 9 | کرنیلوں کو رہائش کے لیے کون سے بنگلے ملتے ہیں؟ | بی کلاس | اے کلاس | ڈی کلاس | سی کلاس |
| 10 | ردیف کے لغوی معنی ہیں: | سوار کے پیچھے بیٹھنے والا | پیچھے آنیوالا | پے در پے آنیوالا | بدل بدل کر آنیوالا |
| 11 | اُس کا قد سرو کی طرح لمبا ہے۔ کس کی مثال ہے۔ | استعارہ | تشبیہ | مجازِ مرسل | کنایہ |
| 12 | میر تقی میرؔ بلاشبہ غزل کے ہیں: | پیغمبر | سکندر | بادشاہ | آقا |
| 13 | لفظ ''خان'' کی مونث ہے۔ | خاتون | خوانم | خانی | خانم |
| 14 | مندرجہ ذیل الفاظ میں مترادف کی درست فہرست ہے: | عُسرت۔تنگی | محبت۔نخوت | رغبت۔ذلت | سزا۔جزا |
| 15 | لفظ ''کثیر'' کا متضاد ہے: | رذیل | قلیل | ثقیل | زنبیل |

www.pakcity.org
EDUCATION pakcity.org

0923 (جماعت نہم) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر ۔۔۔

اردو (لازمی) (انشائیہ) (پہلا گروپ) سیکنڈری پارٹ I (سیشن 2019-21 to 2022-24)

وقت: 2.10 گھنٹے حصہ ------------------ اول کل نمبر 60

S90-1-23

2۔ مندرجہ ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کریں۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے) ------ (حصہ نظم) ------ 10

(i) محرم بھی ہے ایسا ہی جیسا کہ ہے نامحرم x کچھ کہہ نہ سکا جس پر یاں بھید کھلا تیرا

(ii) سنی ہم نے طوطی و بلبل کی باتیں x ترا تذکرہ ہے، تری گفتگو ہے۔

(iii) سب مست ہو رہے ہیں پہچان تیری قدرت x تیتر پکارتے ہیں سبحان تیری قدرت

(iv) شاخِ بُریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تو x نا آشنا ہے قاعدہ روزگار سے

------ (حصہ غزل) ------

(v) نازکی اُس کے لب کی کیا کہیے x پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے۔

(vi) رہی سبز بے فکرِ کِشت سخن x نہ جوتا کیا میں، نہ بویا کیا۔

(vii) دن زندگی کے ختم ہوئے شام ہو گئی x پھیلا کے پاؤں سوئیں گے کنجِ مزار میں۔

حصہ ------------------ دوم

3۔ درج ذیل پیراگراف کی تشریح کریں۔ تشریح سے پہلے سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی تحریر کیجیے۔ 10

(الف) جو خطوط انھوں نے اپنے دوستوں کو لکھے ہیں۔ ان کے ایک ایک حرف سے مہرو محبت، غم خواری و یگانگت ٹپکی پڑتی ہے۔ ہر ایک خط کا جواب اپنے ذمے فرضِ عین سمجھتے تھے۔

(ب) نہیں ایسا حادثہ تو نہ ہوا۔ البتہ چودھریوں کو اس بات کا رنج بہت ہوا کہ ماسٹر جی کی فرمائش پوری نہ کی جا سکی۔ بہر حال انھوں نے کچھ تلافی رات کے کھانے پر مرغ کے سالن سے کر دی۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جواب دیجیے۔ 10

(i) شاعری اصطلاح میں غزل سے کیا مراد ہے؟

(ii) نظم میں "ٹیپ کا مصرع" سے کیا مراد ہے؟

(iii) اقبال کے بقول عہد خزاں کس کے واسطے لازوال ہے؟

(iv) سراقہ بن جعشم کیسے تائب ہوا؟

(v) سلیم جب گھر میں داخل ہوا تو حضرت بی کیا کر رہی تھیں؟

(vi) شور کی آلودگی سے صحت پر کیا اثر پڑتا ہے؟

(vii) مضمون نگار کے والد نے کس طرح اُسے تسلی دی؟

(viii) اپنی مدد آپ کے تحت دہشت گردی کو روکنے کے دو طریقے لکھیے۔

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں۔ (i) کاہلی (ii) قدر ایاز 05

6۔ نصاب میں شامل نظم "حمد" کا مرکزی خیال یا خلاصہ تحریر کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 05

7۔ چھوٹے بھائی کے نام "اچھی صحبت اختیار کرنے کے لیے" خط لکھیے۔ 10

------- یا ------- ہیڈ ماسٹر کے نام "ضروری کام کی چھٹی کے لیے" درخواست لکھیے۔

8۔ گاہک اور درزی کے درمیان گفتگو کو مکالماتی انداز میں تحریر کیجیے ------ یا ------ "سچ کی برکت" کے عنوان سے ایک کہانی لکھیے۔ 05

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 05

(i) ہم نے حج کرنا ہے۔

(ii) میں نے مکان کو کرایہ پر لیا۔

(iii) اسد، علی اور سعد آیا۔

(iv) بشیر و نذیر کو دس دس روپے نقد ملے۔

(v) ڈوبتے کو پتے کا سہارا بہت ہے۔

------------- یا -------------

ضرب المثال کی تکمیل کریں۔

(i) قاضی کے گھر کے __________

(ii) کاٹھ کی ہانڈی بار بار __________

(iii) گڑ سے جو مرے __________

(iv) یہاں کا باوا آدم __________

(v) فقیر کی صورت __________



www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

092 (جماعت نہم) وارننگ : اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔ رول نمبر..............................

اردو (لازمی) (معروضی) (سیشن 2019-21 to 2022-24) SGD-2-23 دستخط امیدوار..............................

وقت 20 منٹ (دوسرا گروپ) **PAPER CODE 1026** سیکنڈری پارٹ (I) کل نمبر 15

نوٹ:۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کرکے اس کے مطابق دائرے پُر کریں ، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | جمن کی خالہ نے کتنے عرصے پہلے اپنی سب جائیداد جمن کے نام لکھ دی تھی۔ | تین سال | تین مہینے | تین ہفتے | تین دن |
| 2 | پرانے بادشاہوں نے اکثر الو کا ذکر کیا ہے۔ | کتابوں میں | روز ناموں میں | رسالوں میں | حوالوں میں |
| 3 | ایاز اپنے اصلی لباس میں بھی ایسا ____ نظر نہیں آتا تھا۔ | مطلوب | محبوب | معروف | معیوب |
| 4 | بی جی کے بقول ____ سے بڑی کوئی لعنت نہیں | جہالت | کرپشن | جھوٹ | منافقت |
| 5 | ____ درویش ، برجان درویش آخری وقت تک امتحان کے کمرے میں بیٹھا رہتا ہے۔ | زہر | قہر | مہر | شہر |
| 6 | رشید احمد صدیقی نے ____ کے نثری اسلوب کو اردو نثر کا معیاری اُسلوب قرار دیا ہے۔ | مرزا غالب | شبلی نعمانی | الطاف حسین حالی | محمد حسین آزاد |
| 7 | قوت کا متضاد ہے۔ | مضاعف | مضعف | ضُعف | ضعیف |
| 8 | بھنگن کا مذکر ہے۔ | بھنگ | بھانگ | بھانگی | بھنگی |
| 9 | اشفاق میاں کے ہمسائے کے صاحب زادے بجا رہے تھے۔ | باجا | ہارمونیم | ستار | ڈھول |
| 10 | حمد میں حالی کا ہر ____ دل سے ٹکرا کے گزرتا ہے۔ | قول | مقولہ | بول | لفظ |
| 11 | "برسات کی بہاریں" میں ____ پکارتے ہیں سبحان تیری قدرت۔ | بٹیر | کبوتر | کوّے | تیتر |
| 12 | میر بار بار اپنے محبوب کے در پر ____ ہیں۔ | جاتے | سوتے | رہتے | آتے |
| 13 | وحشی کی جمع ہے۔ | وحوش | وحاش | واحش | وحیش |
| 14 | اذکار کا واحد ہے۔ | ذاکر | ذکر | مذکر | مذکور |
| 15 | دانا کا مترادف ہے۔ | معقول | معقل | عاقل | عقیل |

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

0923 (جماعت نہم)

اردو (لازمی) (انشائیہ) (دوسرا گروپ) سیکنڈری پارٹ I (سیشن 2019-21 to 2022-24)

وقت: 2.10 گھنٹے SGD-2-23 کل نمبر 60

حصہ ---------------- اول

2۔ مندرجہ ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کریں۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے) 10

----(حصہ نظم)----

(i) قبضہ ہو دلوں پر کیا اور اس سے سوا تیرا x اک بندۂ نا فرماں ہے حمد سرا تیرا

(ii) سب مست ہو رہے ہیں پہچان تیری قدرت x تیتر پکارتے ہیں سبحان تیری قدرت

(iii) شاخِ بریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تُو x نا آشنا ہے قاعدۂ روزگار سے

(iv) سُنی ہم نے طوطی و بُلبل کی باتیں x تیرا تذکرہ ہے، تیری گفتگو ہے

(حصہ غزل)

(v) میں جو بولا، کہا کہ یہ آواز x اُسی خانہ خراب کی سی ہے

(vi) ہمیشہ لکھے وصفِ دندانِ یار x قلم اپنا موتی پرویا کیا

(vii) ہم کو اُن سے، وفا کی ہے اُمید x جو نہیں جانتے، وفا کیا ہے

حصہ ---------------- دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کریں۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی تحریر کیجیے۔ 10

(الف) میں غیرت کے مارے زمین میں گڑ گیا اور فوراً میں نے اُٹھ کر نہایت ادب کے ساتھ سلام کیا۔ تب "حضرت بی" نے فرمایا: بیٹا! برا مت ماننا، یہ بھلے مانسوں کا دستور ہے کہ اپنے سے جو بڑا ہوتا ہے، اس کو سلام کر لیا کرتے ہیں۔

(ب) اپنے جگر کا خون دے دے کر میں نے فن کی جس شمع کو اب تک روشن رکھا ہے، اس کا مقصد آپ کی شاندار کوٹھی اور آپ کی شخصیت کو جگمگانے کے علاوہ اور کچھ بھی نہیں۔ ایک فنکار یہ کبھی برداشت نہیں کر سکتا کہ اس کا فن اپنا اصلی جوہر کھو کر کسی کے لیے محض ایک ذریعہ شہرت بن کر رہ جائے۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جواب دیجیے۔ 10

(i) دوستوں کو دیکھ کر مرزا غالب کی حالت کیا ہوتی تھی؟

(ii) جھوری نے الگو چودھری سے خریدے ہوئے بیل کے ساتھ کیسا سلوک کیا؟

(iii) ہمسائے کی کون سی حرکت سے میاں کے آرام میں خلل پڑ رہا تھا؟

(iv) مضمون نگار کے فیل ہونے پر اس کے والد نے کس طرح اسے تسلی دی؟

(v) دیہاتی لڑکے کی کہانی سُن کر سلیم میاں پر کیا اثر ہوا؟

(vi) نصاب میں شامل نظم "حمد" میں محرم اور نامحرم میں کیا فرق ہے؟

(vii) بقول علامہ محمد اقبالؒ ہمیں کس چیز سے سبق اندوز ہونا چاہیے؟

(viii) مرزا غالب کے بقول کون مشتاق ہے اور کون بیزار؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں۔ (i) ہجرت نبویؐ (ii) لہو اور قالین 05

6۔ نصاب میں شامل نظم "برسات کی بہاریں" کا مرکزی خیال/خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 05

7۔ اپنے استاد کے نام خط لکھیے جس میں اپنی کسی مشکل کے لیے مدد مانگیے۔ 10

------- یا ------- اپنے محلے کی صفائی کے لیے ہیلتھ آفیسر کے نام درخواست لکھیں۔

8۔ "ہرنی کی دُعا" کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔ ----- یا ----- ہوٹل منیجر اور گاہک کے درمیان مکالمہ لکھیے۔ 05

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 05

(i) جی نے چاہا تو آؤں گا۔ (ii) امجد نے کراچی جانا ہے۔ (iii) فوج نے حملہ کیے۔

(iv) ایک گلاس، پانچ پلیٹیں، دس جگ ٹوٹ گیا۔ (v) لوہے کی ہانڈی بار بار نہیں چڑھتی

--------------- یا --------------- درج ذیل جملوں کی تکمیل کریں۔

(i) رات گئی ________ (ii) بارہ برس دلی میں رہے ________ (iii) گڑ سے جو مرے ________

(iv) تخم تاثیر ________ (v) ہاتھی کے دانت ________

928 - 0923 - 60000

0922 (جماعت نہم) وارننگ : اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں SGD-91-22 رول نمبر ..................

اردو (لازمی) (معروضی) (سیشن 2018-20 to 2021-23) دستخط امیدوار ..................

وقت 20 منٹ (پہلا گروپ) **PAPER CODE 1021** سیکنڈری پارٹ (I) کل نمبر 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کر کے اس کے مطابق دائرے پُر کریں ، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | اکثر صحابہ مدینے پہنچ چکے تھے۔ | نبوت کے گیارھویں سال | نبوت کے بارھویں سال | نبوت کے تیرھویں سال | نبوت کے چودھویں سال |
| 2 | مرزا غالب کے نہایت وسیع تھے۔ | خصائل | اخلاق | کردار | افکار |
| 3 | کرنیلوں کو رہائش کے لیے بنگلے ملتے ہیں۔ | اے کلاس | بی کلاس | سی کلاس | ڈی کلاس |
| 4 | قاطعِ برہان کے مصنف ہیں۔ | غالبؔ | ذوقؔ | مومنؔ | سوداؔ |
| 5 | لا کالج میں طالب علم کا دوست تھا۔ | لیکچرار صاحب | منشی صاحب | پرنسپل صاحب | چوکیدار |
| 6 | اُلو کی قسمیں بتائی جاتی ہیں۔ | | بیس | تیس | چالیس |
| 7 | ڈراما ''آرام و سکون'' میں میاں کا نام ہے۔ | اشفاق | مشتاق | اسحاق | اشتیاق |
| 8 | نظم ''پیوستہ رہ شجر سے اُمیدِ بہار رکھ'' کے شاعر ہیں۔ | نظیر اکبر آبادی | خواجہ الطاف حسین حالی | امیر مینائی | علامہ محمد اقبال |
| 9 | ''نعت'' کے شعر کے مطابق ہم نے باتیں سنی ہیں۔ | طوطی و بلبل کی | قمری و بلبل کی | طوطی و قمری کی | بلبل و طاؤس کی |
| 10 | میر تقی میرؔ کے شعر کے مطابق اپنی ہستی ایسے ہے جیسے | خواب ہو | سراب ہو | گلاب ہو | حباب ہو |
| 11 | طفل کی جمع ہے۔ | طفال | اطفال | اقطال | افلاط |
| 12 | مکاتب کا واحد ہے۔ | مکتوب | مکتوبہ | مکتب | کاتب |
| 13 | گوالا کی مونث ہے۔ | گوالی | گوالنی | گوالین | گوالن |
| 14 | اتفاق کا متضاد ہے۔ | فراق | وفاق | نفاق | آفاق |
| 15 | مسرت کا مترادف ہے۔ | جوش | خوش | غم | خوشی |



www.pakcity.org
pakcity.org

0922 (جماعت نہم) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

اردو (لازمی) (انشائیہ) (پہلا گروپ) سیکنڈری پارٹ (I)

وقت: 2.10 گھنٹے (سیشن 2018-20 to 2021-23) کل نمبر 60

SKD-G1-22

## حصہ ---------------- اول

2۔ مندرجہ ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کریں۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے) 10

(حصہ نظم)

(i) شاخِ بریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تو x نا آشنا ہے قاعدۂ روزگار سے

(ii) ہر جا بچھا رہا ہے سبزہ ہرے بچھونے x قدرت کے بچھ رہے ہیں ہر جا ہرے بچھونے

(iii) جسے جس طرف آنکھ، جلوہ ہے اُس کا x جو یک سُو ہو دل تو وہی چار سو ہے

(iv) گو سب سے مقدم ہے حق تیرا ادا کرنا x بندے سے مگر ہوگا حق کیسے ادا تیرا

(حصہ غزل)

(v) بار بار اُس کے در پہ جاتا ہوں x حالت اب اضطراب کی سی ہے

(vi) مزا غم کے کھانے کا جس کو پڑا x وہ اشکوں سے ہاتھ اپنا دھویا کیا

(vii) جان تم پر نثار کرتا ہوں x میں نہیں جانتا دعا کیا ہے

## حصہ ---------------- دوم

3۔ درج ذیل پیراگراف کی تشریح کریں۔ تشریح سے پہلے سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی تحریر کیجیے۔ 10

(الف) اس صورت میں اُن کا خون تمام قبائل میں **بٹ جائے** گا۔ اور آلِ ہاشم اکیلے تمام قبائل کا مقابلہ نہ کرسکیں گے۔ اس اخیر رائے پر اتفاق ہوگیا اور **جھٹ پٹے** سے آکر رسول ﷺ کے **آستانۂ مبارک** کا **محاصرہ** کرلیا۔ اہلِ عرب زنانہ مکان کے اندر گھسنا معیوب سمجھتے تھے۔

(ب) بھینس اگر ورزش کرتی اور غذا کا خیال رکھتی تو شاید **چھریری** ہوسکتی تھی لیکن کچھ کہا نہیں جاسکتا۔ بعض لوگ مکمل احتیاط کرنے پر بھی موٹے ہوتے چلے جاتے ہیں۔ بھینس کا مشغلہ جگالی کرنا ہے یا تالاب میں لیٹے رہنا۔ وہ اکثر **نیم باز** آنکھوں سے **اُفق** کو تکتی رہتی ہے۔ لوگ **قیاس آرائیاں** کرتے ہیں کہ وہ کیا سوچتی ہے۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جواب دیجیے۔ 10

(i) ہجرتِ نبوی ﷺ سے کیا مُراد ہے؟

(ii) خواجہ باسط نے میر اور مرزا کے کلام کے بارے میں کیا فرمایا؟

(iii) ڈراما ''آرام و سکون'' سے ہمیں کیا اَخلاقی سبق ملتا ہے؟

(iv) سبق ''لحاف اور قالین'' میں اختر کے نزدیک نیازی کا قاتل کون تھا؟

(v) دہشت گردی کے حوالے سے ہم اپنے زندہ ہونے کا ثبوت کیسے دے سکتے ہیں؟

(vi) ''ٹیپ کا مصرع'' سے کیا مُراد ہے؟

(vii) نظم ''پیوستہ رہ شجر سے اُمیدِ بہار رکھ'' میں اقبال نے ڈالی اور شجر سے کیا مُراد لیا ہے؟

(viii) خواجہ حیدر علی آتش کے کلام میں پائی جانے والی نمایاں خصوصیات کون سی ہیں؟

5۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں۔ 05

(i) کاہلی (ii) قدرِ ایاز

6۔ کتاب میں دی گئی نظم ''نعت'' کا مرکزی خیال یا خلاصہ تحریر کیجیے نیز شاعر کا نام لکھیے۔ 05

7۔ اپنے والد کو خط لکھیے جس میں امتحان میں کامیابی کی نوید سنائی گئی ہو۔ 10

------- یا ------- جناب فوڈ کنٹرولر کو راشن ڈپو کے خلاف درخواست لکھیں۔

8۔ دکاندار اور خریدار کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔ (مہنگائی کے موضوع پر) ----- یا ----- ''جس کا کام اسی کو ساجے'' کے عنوان پر کہانی لکھیے۔ 05

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 05

(i) حسنین نے کتاب کو پڑھا۔ (ii) دل نے چاہا تو ضرور آؤں گا۔ (iii) امجد نے کراچی جانا ہے۔

(iv) دس جگ، پانچ پلیٹیں ایک گلاس ٹوٹ گئے۔ (v) جماعت کراچی چلی گئیں۔

------------- یا -------------

درج ذیل جملوں کی تکمیل کریں۔

(i) قہر برلات ________ (ii) آ بیل ________ (iii) آدمی کا شیطان ________

(iv) باسی کڑھی میں ________ (v) بد اچھا ________



www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

0922 (جماعت نہم) وارننگ : اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔ SGD-G2-22 رول نمبر..............
اردو (لازمی) (معروضی) (سیشن 2018-20 to 2021-23) دستخط امیدوار..............
وقت 20 منٹ (دوسرا گروپ) PAPER CODE 1028 سیکنڈری پارٹ (I) کل نمبر 15

نوٹ:۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کر کے اس کے مطابق دائرے پُر کریں ، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ''سیٹھ'' کی مونث ہے۔ | سیٹھائی | سیٹھانی | سیٹھنی | سیٹھی |
| 2 | ''اُمم'' کا واحد ہے۔ | اُمت | امام | آئمہ | اُم |
| 3 | ''شیخ'' کی جمع ہے۔ | اشخیاء | شیاخین | شیاخ | شیوخ |
| 4 | کھانا پکا کر غار میں پہنچایا۔ | حضرت اسماءؓ نے | حضرت عائشہؓ نے | حضرت عبداللہؓ نے | سراقہ بن جعشم نے |
| 5 | ''قاطع برہان'' تحریر ہے۔ | ذوق | مومن | مرزا غالب | سودا |
| 6 | میاں دفتر جایا کرتے تھے۔ | صبح آٹھ بجے | شام سات بجے | صبح دس بجے | صبح نو بجے |
| 7 | لا کالج میں طالب علم کا دوست تھا۔ | لکچرار صاحب | پرنسپل صاحب | منشی صاحب | چوکیدار |
| 8 | بلبل ایک پرندہ ہے۔ | پالتو | گھریلو | روایتی | عاشق مزاج |
| 9 | ماسٹر جی کے بیٹھنے کے لیے منگوائی گئی۔ | پیڑھی | کرسی | بنچ | چار پائی |
| 10 | سلیم کو آکر جگایا۔ | نصوح نے | بیدارا نے | ماں نے | حضرت بی نے |
| 11 | نظم ''نعت'' میں شاعر کی حرمت اور آبرو ہے۔ | در پر جینے مرنے کی | گفتگو کرنے کی | راہ میں مر کر خاک ہونے کی | پھولوں کی بُو ہونے کی |
| 12 | نظم ''پیوستہ رہ شجر سے، اُمید بہار رکھ'' میں ڈالی کا ہرا ہونا ناممکن ہے۔ | تازہ ہوا سے | سحاب بہار سے | اُمید بہار سے | فصلِ خزاں سے |
| 13 | غزل میں بہادر شاہ ظفر نے پاؤں پھیلا کر سونے کا ذکر کیا ہے۔ | شاہی محل میں | کوئے یار میں | دلِ داغ دار میں | کنج مزار میں |
| 14 | ''تقدیم'' کا متضاد ہے۔ | آغاز | تاخیر | دیر | جلد |
| 15 | ''جوگی'' کی مونث ہے۔ | جوگن | جاگن | جواگن | جواگی |

0922 (جماعت نہم)　　وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

اردو (لازمی)　(انشائیہ)　**(دوسرا گروپ)**　سیکنڈری پارٹ (I)

وقت: 2.10 گھنٹے　(سیشن 2018-20 to 2021-23)　کل نمبر 60

SGD-G2-22

حصہ ---------------- اول

2۔ مندرجہ ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کریں۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے)　10

(حصہ نظم)

(i) تو ہی نظر آتا ہے ہر شے پہ محیط اُن کو　x　جو رنج و مصیبت میں کرتے ہیں گِلا تیرا

(ii) ڈالی گئی جو فصلِ خزاں میں شجر سے ٹوٹ　x　ممکن نہیں ہری ہو سحابِ بہار سے

(iii) بادل ہوا کے اوپر ہو مست چھا رہے ہیں　x　جھڑیوں کی مستیوں سے دُھومیں مچا رہے ہیں

(iv) جیوں تیرے در پر مروں تیرے در پر　x　یہی مجھ کو حسرت یہی آرزو ہے

(حصہ غزل)

(v) ہستی اپنی حباب کی سی ہے　x　یہ نمائش سراب کی سی ہے

(vi) عمرِ دراز مانگ کے لائے تھے چار دن　x　دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

(vii) دلِ ناداں تجھے ہوا کیا ہے　x　آخر اِس درد کی دوا کیا ہے

حصہ ---------------- دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کریں۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی تحریر کیجئے۔　10

(الف) تشریف آوری کی خبر مدینے میں پہلے پہنچ چکی تھی۔ تمام شہر **ہمہ تن** چشمِ انتظار تھا۔ معصوم بچے فخر اور **جوش** میں کہتے پھرتے تھے کہ پیغمبرؐ آ رہے ہیں۔ لوگ ہر روز **تڑکے** سے نکل نکل کر شہر کے باہر جمع ہوتے اور دوپہر تک انتظار کر کے **حسرت** کے ساتھ واپس چلے آتے۔

(ب) طرفین کے بیانوں سے واضح تھا کہ **تنازع** بہت **خفیف** ہے اور یہ دو طرفہ طوفان کا **حدود اربعہ** ایک چائے کی پیالی میں سما سکتا ہے۔ علی بخش اس لیے ناخوش تھا کہ اسے دیہاتی کہا گیا تھا اور سلیم میاں اس بات پر **برہم** تھے کہ علی بخش کی غلطی کی وجہ سے امجد نے انھیں دیہاتی سمجھا ہوگا۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جواب دیجئے۔　10

(i) قریش نے رسولِ پاک ﷺ اور حضرت ابوبکرؓ کو گرفتار کرنے کا کیا انعام مقرر کیا؟

(ii) سید انشا کے اصرار پر جرأت نے کون سا مصرع پڑھا؟

(iii) آدھی رات کو ماسٹر صاحب کے بیدار ہونے پر چودھری اور نوکر نے کیا کیا؟

(iv) امدادِ غیبی سے کیا مراد ہے؟ (سبق امتحان کے حوالہ سے)

(v) اختر کا حلیہ بیان کیجئے۔

(vi) شاعر نے محرم اور نامحرم کو ایک جیسا کس لیے قرار دیا ہے؟

(vii) لالے کے بے داغ ہونے اور گل کے بے خار ہونے سے کیا مراد ہے؟

(viii) شاعر ''اضطراب'' کی حالت میں کیا کرتا ہے؟

5۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں۔　05

(i) کاہلی　(ii) قدرِ ایاز

6۔ نظم ''پیوستہ رہ شجر سے اُمیدِ بہار رکھ'' کا خلاصہ یا مرکزی خیال لکھئے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔　05

7۔ اپنے چھوٹے بھائی کو خط لکھیے جس میں اُسے اچھی صحبت اختیار کرنے کی نصیحت ہو۔　10

-------- یا --------　گاؤں میں صفائی کی ناقص صورتِ حال کے بارے ہیلتھ آفیسر کو درخواست لکھیے۔

8۔ ''عقل مند بیوی'' کے عنوان پر ایک کہانی تحریر کیجئے۔ ----- یا -----　05

دو ہم جماعت دوستوں کے درمیان پڑھائی میں ایک دوسرے کی مدد کرنے کے حوالے سے مکالمہ تحریر کیجئے۔

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجئے۔　05

(i) حامد نے لاہور جانا ہے۔　(ii) کمر کو باندھنا　(iii) دس جگ، پانچ پلیٹیں ایک گلاس ٹوٹ گئے۔

(iv) میں نے شاہد دیکھا　(v) ساجد رضا اور احمد نواز آیا

-------- یا --------　درج ذیل جملوں کی تکمیل کریں۔

(i) بلّی کے بھاگوں ________　(ii) رات گئی ________　(iii) گڑ سے جو مرے ________

(iv) سوت نہ کپاس ________　(v) آپے میں نہ ________



www.pakcity.org
pakcity.org EDUCATION

0918 (جماعت نہم) وارننگ : اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔ رول نمبر ..............................

اردو (لازمی) (معروضی) سیشن (2016-18 & 2017-19) دستخط امیدوار ..............................

وقت 20 منٹ (پہلا گروپ) **PAPER CODE 1025** سیکنڈری پارٹ (I) کل نمبر 15

نوٹ:۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کر کے اس کے مطابق دائرے پُر کریں ، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ انک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| (D) | (C) | (B) | (A) | QUESTIONS | Q-1 |
|---|---|---|---|---|---|
| اکثر | تکاثر | قلت | قلیل | کثیر کا متضاد ہے۔ | 1 |
| صاحبزادگان | شہزادی | صاحبزادی | صاحبزادے | صاحبزادہ کی مونث ہے۔ | 2 |
| پانچ | سات | تین | چالیس | حضورؐ اور حضرت ابوبکر صدیقؓ نے غار ثور میں کتنی راتیں گزاریں۔ | 3 |
| آم | سیب | انگور | خربوزہ | غالب کو نوا کہ میں بہت مرغوب تھا۔ | 4 |
| کتاب | گملا | اینٹ | لکڑی | جرأت ہنس پڑے اور کیا اٹھا کر مارنے کو دوڑے | 5 |
| حضرت بی نے | بیدارا نے | اماں [illegible] | [illegible] | سلیم کو کس نے آ کر جگایا۔ | 6 |
| اشفاق | اسحاق | مشتاق | اشتیاق | میاں صاحب کا نام کیا تھا۔ | 7 |
| چوکیدار | پرنسپل صاحب | منشی صاحب | لیکچرار صاحب | لاء کالج میں کون طالب علم کا دوست تھا۔ | 8 |
| ان سب کا | مدرسے کا | مسجد کا | الیکٹرانک میڈیا کا | دہشت گردی کے خاتمے میں اہم کردار ہے۔ | 9 |
| کوا | شاہین | بلبل | طوطا | نعت میں طوطی کے ساتھ کون سا لفظ آیا ہے۔ | 10 |
| جرمن | عربی | فارسی | اردو | ''ضرب کلیم'' کس زبان میں ہے۔ | 11 |
| سنگاپور | برما | بھارت | بنگلہ دیش | بہادر شاہ ظفر کس ملک میں دفن ہیں۔ | 12 |
| نقول | نقلیں | منقول | ناقل | نقل کی جمع ہے۔ | 13 |
| محکومین | محکوم | حاکم | حکم | حکام کا واحد ہے۔ | 14 |
| شوقین | مرغوب | راغب | شوق | رغبت کا مترادف ہے۔ | 15 |

BLANK
www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

905-0918-60000 (3) SGD-9-1-18

0918 (جماعت نہم) ... اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

اردو (لازمی) (انشائیہ) — سیکنڈری پارٹ (I)

وقت: 2.10 گھنٹے (پہلا گروپ) (سیشن 2016-18 & 2017-19) — کل نمبر 60

## حصہ ---------------- اول

2۔ مندرجہ ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کریں۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے) 10

(حصہ نظم)

(i) گو سب سے مقدم ہے حق تیرا ادا کرنا × بندے سے مگر ہوگا حق کیسے ادا تیرا

(ii) تری راہ میں خاک ہو جاؤں مر کر × یہی میری حرمت، یہی آبرو ہے

(iii) بادل ہوا کے اوپر ہو مست چھا رہے ہیں × جھڑیوں کی مستیوں سے دھومیں مچا رہے ہیں

(iv) شاخ بریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تو × نا آشنا ہے قاعدہ روزگار سے

(حصہ غزل)

(v) نازکی اس کے لب کی کیا کہیے × پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

(vi) کہوں کیا ہوئی عمر کیونکر بسر × میں جاگا کیا بخت سویا کیا

(vii) عمر دراز مانگ کے لائے تھے چار دن × دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

## حصہ ---------------- دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کریں۔ تشریح سے پہلے سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی تحریر کیجئے۔ 10

(الف) شیخ جمن کو بھی اپنی عظیم الشان ذمے داری کا احساس ہوا۔ اس نے سوچا، میں اس وقت انصاف کی اونچی مسند پر بیٹھا ہوں۔ میری آواز اس وقت حکم خدا ہے اور خدا کے حکم میں میری نیت کو مطلق دخل نہ ہونا چاہیے۔ حق اور راستی سے جو بھر ٹلنا بھی مجھے دنیا اور دین ہی میں سیاہ بنا دے گا۔

(ب) فواکہ میں آم ان کو بہت مرغوب تھا آموں کی فصل میں ان کے دوست دور دور سے ان کے لیے عمدہ عمدہ آم بھیجتے تھے اور وہ خود اپنے بعض دوستوں سے تقاضا کرکے آم منگواتے تھے۔ ایک روز مرحوم بہادر شاہ آموں کے موسم میں چند مصاحبوں کے ساتھ باغ میں ٹہل رہے تھے۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جواب دیجئے۔ 10

(i) بلبل کو باغباں اور صیاد سے کیا گلہ ہے؟

(ii) اللہ کا گدا کس میں مگن رہتا ہے؟

(iii) کس کے گلستاں میں فصل خزاں کا دور ہے؟

(iv) مرزا غالب کے مزاج کی خاص خوبی کیا تھی؟

(v) شریف زادے کی غزل سن کر سودا نے کیا کہا؟

(vi) بیدارا نے سلیم کو جگا کر کیا پیغام دیا؟

(vii) الگو چودھری نے سمجھو سیٹھ کو بیل کیوں فروخت کیا؟

(viii) نیازی نے اپنی تصویریں اختر کے حوالے کیوں کیں؟

5۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں۔ 05

(i) مرزا غالب کے عادات و خصائل (ii) امتحان

6۔ نظم "پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ" کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھئے اور شاعر کا نام لکھیے۔ 05

7۔ اپنی بڑی بہن کے نام خط لکھئے۔ جس میں ان سے ان کی بیماری کی خیریت اور ان کے ہاں جانے کے پروگرام کا ذکر کیا گیا ہو۔ 10

------- یا ------- آپ کو بروقت ڈاک نہیں ملتی۔ علاقہ انچارج پوسٹ ماسٹر صاحب کو ڈاکیہ کی شکایت تحریر کیجئے۔

8۔ "جھوٹ کی سزا" کے عنوان پر ایک کہانی تحریر کریں۔ ----- یا ----- منیجر اور گاہک کے درمیان ہونے والی گفتگو کو مکالمہ کی شکل میں تحریر کیجئے۔ 05

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجئے۔ 05

(i) میں نے کتاب پڑھنا ہے۔ (ii) امجد علی نے کراچی جانا ہے۔ (iii) ریوڑ جنگل میں چر رہی ہے۔

(iv) دس جگ پانچ پلیٹیں، ایک گلاس ٹوٹ گیا۔ (v) اپنے گریبان میں جھانکنا

------------ یا ------------

درج ذیل جملوں کی تکمیل کریں۔

(i) اُلٹے بانس ________ (ii) پاک رہو ________ (iii) تخم تاثیر ________

(iv) جس کی لاٹھی ________ (v) خدمت سے ________



www.pakcity.org EDUCATION pakcity.org

0918 (جماعت نہم) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ میں مختص جگہ پر اپنا رول نمبر لکھ کر دستخط کریں۔ رول نمبر ..................

اردو (لازمی) (معروضی) (سیشن 2016-18 & 2017-19) دستخط امیدوار ..................

وقت 20 منٹ (دوسرا گروپ) PAPER CODE 1022 سیکنڈری پارٹ (I) کل نمبر 15

نوٹ:۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ جوابی کاپی کے دونوں اطراف اس سوالیہ پرچہ پر مطبوعہ PAPER CODE درج کر کے اس کے مطابق دائرے پُر کریں، غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔ ایک ریموور یا سفید فلیوڈ کا استعمال ممنوع ہے۔

| Q-1 | QUESTIONS | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | بہادر شاہ ظفر کے کلیات میں اردو شاعری کے علاوہ بھی اشعار ہیں۔ | پنجابی کے | گوجری کے | مرہٹی کے | فارسی کے |
| 2 | نظم ''برسات کی بہاریں'' کے شاعر ہیں۔ | اختر شیرانی | نظیر اکبر آبادی | الطاف حسین حالی | علامہ اقبال |
| 3 | علامہ اقبال کی فارسی شاعری کا مجموعہ ہے۔ | بانگ درا | بال جبریل | زبور عجم | ضرب کلیم |
| 4 | سکولوں کو دہشت گردی سے محفوظ بنانے کے لیے کس چیز کی ضرورت ہے | سیکورٹی گارڈ کی | سی سی ٹی وی کیمرہ کی | خاردار تار کی | تمام کی |
| 5 | کوا باورچی خانہ کے پاس بہت رہتا ہے۔ | ناخوش | اداس | خوف زدہ | مسرور |
| 6 | بندے پر امتحان کا اثر نہیں تھا۔ | ذرہ برابر | معمولی | رتی برابر | بالکل |
| 7 | ماں کی گود میں کون سویا ہوا تھا؟ | سلیم | بیدارا | لڑکی | بلی |
| 8 | ''پریم پچیسی'' کے مصنف ہیں۔ | منشی پریم چند | غلام محمد خان | ڈپٹی نذیر احمد | میرزا ادیب |
| 9 | روٹی پیدا کرنے کے لیے نہایت ضروری ہے۔ | محنت | آرام | خوشامد | سفارش |
| 10 | لوگ اکثر مرزا غالب کو خط لکھتے تھے۔ | دکھ بھرے | بیرنگ | محبت بھرے | طویل |
| 11 | رغبت کا مترادف ہے۔ | خواہش | جوش | جذبہ | جنون |
| 12 | نشیب کا متضاد ہے۔ | عروج | فراز | زوال | بلند |
| 13 | ملک کی مونث ہے۔ | ملائکہ | ملکہ | ملکانی | ملکائن |
| 14 | رقوم کا واحد ہے۔ | راقم | مرقوم | رقم | رقیم |
| 15 | برج کی جمع ہے۔ | بیراج | برجوں | ابراج | بروج |

907-0918-50000 (1) SGD-9-2-18

0918 (جماعت نہم) — طلباء: دل سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

اردو (لازمی) (انشائیہ) (دوسرا گروپ) سیکنڈری پارٹ (I)

وقت: 2.10 گھنٹے (سیشن 2016-18 & 2017-19) کل نمبر 60

## حصہ ---------------- اول

2۔ مندرجہ ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کریں۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے) 10

(حصہ نظم)

(i) گو سب سے مقدم ہے حق تیرا ادا کرنا x بندے سے مگر ہوگا حق کیسے ادا تیرا

(ii) تری راہ میں خاک ہو جاؤں مر کر x یہی میری حرمت ، یہی آبرو ہے

(iii) پڑتے ہیں پانی ہر جا جل تھل بنا رہے ہیں x گلزار بھیگتے ہیں سبزے نہا رہے ہیں

(iv) جو نغمہ زن تھے خلوتِ اوراق میں طیور x رخصت ہوئے ترے شجر سایہ دار سے

(حصہ غزل)

(v) چشمِ دل کھول اُس بھی عالم پر x یاں کی اوقات خواب کی سی ہے

(vi) رُخ و زلف پر جان کھویا کیا x اندھیرے اجالے میں رویا کیا

(vii) ہم کو ان سے ، وفا کی ہے امید x جو نہیں جانتے، وفا کیا ہے

## حصہ ---------------- دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کریں۔تشریح سے پہلے سبق کا عنوان ،مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی تحریر کیجئے۔ 10

(الف) غرض کہ کسی شخص کے دل کو بیے کار پڑا رہنا نہ چاہیے بلکہ کسی بات کی فکر و کوشش میں مصروف رہنا لازم ہے، تا کہ ہم کو اپنی تمام ضروریات کے انجام کرنے کی فکر اور مستعدی رہے۔

(ب) میں یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ آپ کے سلوک نے مجھ پر کتنا اثر ڈالا۔ میں سمجھنے لگا، آپ نہایت اونچے درجے کے انسان ہیں۔ دولت مند ہونے کے باوجود آپ کے پہلو میں ایک ایسا دل دھڑک رہا ہے، جو انسانیت نواز ہے، جس میں ساری دنیا کا درد سمایا ہوا ہے۔

4 ۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جواب دیجئے۔ 10

(i) سراقہ بن جعشم کیسے تائب ہوا؟

(ii) قوم کی بہتری کیسے ممکن ہے؟

(iii) شریف زادے کی غزل سن کر سودا نے کیا کہا؟

(iv) صحت مند رہنے کے لیے کیا باتیں ضروری ہیں؟

(v) مضمون نگار کو امتحان سے گھبرانے والوں پر ہنسی کیوں آتی ہے؟

(vi) محرم اور نامحرم میں کیا فرق ہے؟

(vii) تیتر اللہ تعالیٰ کی عظمت کیسے بیان کرتے ہیں؟

(viii) شاعر ''اضطراب'' کی حالت میں کیا کرتا ہے؟

5۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں۔ 05

(i) پنچایت (ii) امتحان

6۔ شامل نصاب نظم ''حمد'' کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیں۔ 05

7۔ بڑے بھائی کو خط لکھیں اور انہیں گھر کی خیریت اور حالات تحریر کر کے جواب دینے کی تاکید کریں۔ 10

------- یا ------- فیس معافی کیلئے اپنے سکول کے سربراہ کو درخواست لکھیں۔

8۔''جھوٹ کی سزا'' کے عنوان پر ایک کہانی لکھیے ----- یا ----- دو ہم جماعتوں میں مکالمہ تحریر کیجئے۔ 05

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجئے۔ 05

(i) مجھ نے غلطی کر دی۔

(ii) میں نے کمر کو باندھا اور کام شروع کیا۔

(iii) دو گلاس پانچ پلیٹیں ٹوٹ گئے۔

(iv) اکرم نے شاگرد پڑھایا۔

(v) لہو لگا کر زخمیوں میں شامل ہونا۔

------------ یا ------------ درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجئے۔

(i) الٹے بانس ________

(ii) حساب جو جو، ________

(iii) ڈوبتے کو تنکے کا ________

(iv) قاضی کے گھر کے ________

(v) گڑ سے جو مرے تو ________

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org